Taxi & Limousine Commission

2018 21 مئی

پریس ریلیز
برائے فوری اجراء

میرا جوشی (Meera Joshi)
کمشنر/چیئر

ایلن جے فرامبرگ (.Allan J (Fromberg
ڈپٹی کمشنر معاملات عامہ
frombera@tlc.nyc.gov

ریبیکا ہارشبارجر (Rebecca (Harshbarger
harshbargerR@tlc.nyc.gov
افسر معاملات عامہ

212-676-1013

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

شرکت کنندہ ڈرائیور پیلی WAVs میں قابل رسائی ٹرپس پر 1$ اضافی کمائیں گے

نیویارک سٹی ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (TLC) یہ اعلان کرتے ہوئے مسرت محسوس کر رہا ہے کہ میڈیلین (بِلّے) والے ٹیکسی کیب ڈرائیور اب وہیل چیئر سے قابل رسائی (پیلی ٹیکسی) گاڑی (WAV) میں کسی بھی ٹرپ پر 1$ اضافی کمائیں گے۔ اس اضافے سے 50.$ فی ٹرپ کی وہ رقم دوگنی ہو گئی ہے جو ڈرائیور پہلے کماتے تھے۔ مسافر میٹر پر مبنی کرایہ والے سفروں پر وہی 30 سینٹ ٹیکسی امپرووومنٹ سرچارج (TIF) ادا کرنا جاری رکھیں گے۔

"پیشہ ور ڈرائیور نیویارک سٹی کو معذوریوں کے حامل مسافروں کے لیے مزید قابل رسائی اور منصفانہ بنانے کے لیے غیر معمولی کردار ادا کرتے ہیں،" کمشنر Meera Joshi نے کہا۔ "اس سے TLC کے محنتی لائسنس یافتگان کو سواریوں کو یہ نہایت اہم سروس فراہم کرنے پر زیادہ مالی وسائل ملیں گے۔"

"یہ ترغیب ڈرائیوروں کے پول کو بڑھائے گی اور پانچوں بوروز میں قابل رسائی ٹیکسی کیبز کی تعداد میں اضافہ کرے گی،" میئر کے دفتر برائے معذور افراد (Mayor's Office for People with Disabilities, MOPD) کے کمشنر Victor Calise نے کہا۔ "اس سے ہمارے شہر میں کام کرنے، رہنے یا سیاحت کی غرض سے آنے والے معذوریوں کے حامل افراد کی زندگیوں کے معیار پر مثبت اثر پڑے گا۔"

TIF نے 2016 میں پروگرام کے آغاز سے لے کر اب تک ٹیکسی کیب ڈرائیوروں اور مالکان کو مالی مواقع فراہم کئے ہیں۔

- جنوری 2016 سے اب تک تقریباً 6$ ملین اور صرف اسی سال کے دوران 1.5$ ملین کی ادائیگیاں TIF سے وہیل چیئر سے قابل رسائی ٹیکسیوں کے ڈرائیوروں کو کی گئی ہیں۔
- جنوری 2016 سے 34$ ملین سے زیادہ اور جنوری 2018 سے 4.5$ ملین سے زیادہ کی ادائیگیاں TIF سے قابل رسائی ٹیکسی مالکان کو موصول ہوئی ہیں جن کی وجہ سے گاڑیوں کی خریداری اور دیکھ بھال کے بلند اخراجات کی ادائیگی میں مدد ملی ہے۔
- مئی 2018 تک، TLC کے لائسنس یافتہ 4,285 ڈرائیوروں اور 2,123 ٹیکسی کیب مالکان نے TIF سے ادائیگیوں کے لیے اندراج کروایا ہے۔
- ڈرائیوروں کو ٹیکسی امپرووومنٹ فنڈ سے ہر دو ہفتے بعد اوسطاً تقریباً 90$ موصول ہوئے۔

ٹیکسی امپرووومنٹ فنڈ پروگرام میں حصہ لینے کے لیے ڈرائیوروں کو یہاں سائن اپ کرنا ہو گا: http://www.nyc.gov/html/tlc/downloads/pdf/tif_driver.pdf.

نوٹ: 1$ ادائیگی میٹر کے مطابق کرائے کے *علاوہ* ہے۔

نیویارک سٹی کا ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (TLC) 1971 میں قائم کیا گیا اور یہ وہ ایجنسی ہے جو ٹیکسی کیبز، فار ہائر گاڑیوں، ان کے ڈرائیوروں اور ایسے کاروباروں کا انضباط کرنے اور ان کو لائسنس عطا کرنے کے لیے ذمہ دار ہے جو ان صنعتوں کو چلاتے اور ان کی معاونت کرتے ہیں۔ یہ ریاست ہائے متحدہ کے ٹیکسیوں اور فار ہائر گاڑیوں کے سب سے بڑے اور سب سے سرگرم انضباطی ادارے کے طور پر جانا جاتا ہے۔

TLC کے متعلق مزید جاننے یا اس کے قواعد، ضوابط اور طریق ہائے کار کا جائزہ لینے کے لیے ہم اپنی آفیشل ویب سائٹ www.nyc.gov/taxi ملاحظہ کرنے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔